Daily published simultaneously from Lahore, Multan & Karachi

Business News



**Pakistan-Saudi Arabia to further strengthen partnership: Shaza Fatima**

DETAILED STORY — PAGE 8

TikTok

**Elon Musk says he is not interested in buying TikTok**

DETAILED STORY — PAGE 6

Volume 20, Issue No. 173 Multan Edition | Price 15 —— Pages 8 | Editor-in-Chief: Asad Mumtaz | Member APNS | Monday, February 10, 2025. Shaban 11, 1446 A.H.

# KFUEIT celebrates Interfaith Harmony Week



**RAHIM YAR KHAN:** Fareed University of Engineering and Information Technology (KFUEIT) celebrated Interfaith Harmony Week. Various events were organized throughout the week, culminating in a grand ceremony held at the university's Civil Auditorium. The event was attended by leaders from Christian, Hindu, and other religious communities, highlighting the spirit of unity and mutual respect. The event was graced by the esteemed presence of Vice Chancellor Prof. Ir. Dr. Amir Azam Khan, who warmly welcomed participants from diverse religious backgrounds. In his address, he emphasized the importance of respecting each other's faiths, stating, The true essence of a peaceful world lies in mutual respect for all religions. As responsible citizens, it is our duty to honor each other's beliefs, religious ideologies, and sacred texts. **–District Reporter**

khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | khabraindigital

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ بہاولپور، ملتان، کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاہور، اسلام آباد، پشاور اور مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونیوالا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

# روزنامہ خبریں بہاولپور

# Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

Saturday 8 February, 2025

سی پی ایل نمبر 405

| | | |
|---|---|---|
| جلد 4 | ہفتہ 9 شعبان المعظم 1446ھ 8 فروری 2025ء 27 ماگھ 2081 ب صفحات 8 قیمت 40 روپے | شمارہ 280 |




رحیم یارخان: خواجہ فرید یونیورسٹی میں بین المذاہب ہم آہنگی سیمینار کے شرکا کا ڈاکٹر عامر اعظم کیساتھ گروپ فوٹو۔

# جامعہ خواجہ فریدؒ: ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی منایا گیا

## مذاہب کے احترام میں ہی پوری کائنات کا مفاد اور تحفظ پنہاں: ڈاکٹر عامر اعظم

رحیم یارخان (سپیشل رپورٹر) خواجہ فریدؒ یونیورسٹی میں ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی بھرپور انداز سے منایا گیا۔ اس حوالے سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا جب کہ گزشتہ روز مرکزی تقریب یونیورسٹی کے سول آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی جس میں مسیحی، ہندو برادری اور دیگر مذاہب کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عامر اعظم خان نے خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کہا ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ایک دوسرے کے مذاہب کے احترام میں ہی پوری کائنات کا مفاد اور تحفظ پنہاں ہے۔ دنیا کا پرامن باسی ہونے کے ناطے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ایک دوسرے کے عقائد، مذہبی نظریات، شخصیات اور مقدس کتب کا احترام کریں۔ تقریب سے ڈاکٹر افسر راٹھور، مسیحی مذہبی رہنما و انچارج، ڈے کیئر چرچ، چرچ آف پاکستان، ملتان ڈائیوسیز پادری کامران شفقت، ہندو مذہبی رہنما و رکن ضلعی بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی، گرو سکھ دیو جی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ریڈز، شاہد سلیم، پروجیکٹ منیجر ورنن انتھونی، ممبر ڈویژنل امن کمیٹی بابر زمان، محمد ریاض نوری، عبدالرؤف ربانی، عمانوئل شریف، پریتم داس اور سورج کمار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کا انعقاد اقوام متحدہ کے ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے تحت تمام مذاہب کی نمائندہ تنظیموں کے اشتراک سے کیا گیا۔

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس رحیم یار خان
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد19 شمارہ294 | ہفتہ،9 شعبان المعظم،8 فروری 2025ء،26 ماگھ، صفحات 8 قیمت 40 روپے



سیمینار میں شریک مختلف مذہبی رہنماؤں ودیگر کا وائس چانسلر عامر اعظم خان کیساتھ گروپ فوٹو

# خواجہ فرید یونیورسٹی میں ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی منایا گیا

## مرکزی تقریب میں میں مسیحی، ہندو برادری اور دیگر مذاہب کے رہنماؤں نے شرکت کی

## اجتماعی کوششوں سے ہی بھائی چارے کو قائم رکھا جاسکتا ہے: مقررین کا خطاب

رحیم یار خان( سٹاف رپورٹر) خواجہ فرید یونیورسٹی میں ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی بھرپور انداز سے منایا گیا۔ اس حوالے سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا جبکہ مرکزی تقریب یونیورسٹی کے سول آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی جس میں مسیحی، ہندو برادری اور دیگر مذاہب کے رہنماؤں نے شرکت کی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عامر اعظم خان نے خصوصی شرکت کی اور جامعہ ہذا نے والے مختلف مذاہب سے وابستہ افراد کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ایک دوسرے کے مذاہب کے احترام میں ہی پوری کائنات کا مفاد اور تحفظ پنہاں ہے۔ دنیا کا پرامن باسی ہونے کے ناطے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ایک دوسرے کے عقائد، مذہبی نظریات، شخصیات اور مقدس کتب کا احترام کریں۔ انہوں نے کہا آج دنیا کی اکثریت ہر قسم کی شدت پسندی سے بالاتر ہوکر امن، برداشت اور رواداری کے ساتھ رہنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا جب تک ہم مختلف مذاہب، نسلوں، رنگوں اور زبانوں کو قبول نہیں کریں گے ہم آگے نہیں بڑھ سکیں گے۔ آج دنیا پر ان لوگوں کی حکمرانی ہے جنہوں نے دنیا میں بسنے والے تمام افراد کو بلاتفریق قبول کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر افسر راٹھور، بانی رکن این جی او "SOIL"-"LIOS ویانا، آسٹریا، مسیحی مذہبی رہنما و انچارج، ڈے کیئر چرچ، چرچ آف پاکستان، ملتان ڈائیوسیز پادری کامران شفقت، ہندو مذہبی رہنما و رکن ضلعی بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی، گروسکھ دیو جی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ریڈز، شاہد سلیم، پروجیکٹ منیجر ورزن انتھونی، ممبر ڈویژنل امن کمیٹی بابر زمان، علامہ ریاض نوری، عبدالرؤف ربانی، ایمانوئل شریف، پریتم داس اور سورج کمار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ماحولیات نے کہا کہ پاکستان میں مساجد، مندر اور کلیسا سب کو تحفظ حاصل ہے۔ انہوں نے کہا اجتماعی کوششوں سے ہی معاشرے میں رواداری اور بھائی چارے کو قائم رکھا جاسکتا ہے۔ مقررین نے کہا خواجہ فرید یونیورسٹی کی بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے کوششیں قابل تعریف ہیں۔ تقریب کا انعقاد اقوام متحدہ کے ہفتہ برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے تحت تمام مذاہب کی نمائندہ تنظیموں کے اشتراک سے کیا گیا۔ ڈاکٹر شاہد حبیب، ڈاکٹر مظہر حسین بھدرو، ڈاکٹر جام ظفر، ڈاکٹر نعیم اللہ، ڈاکٹر شازیہ عندلیب سمیت اساتذہ اور طلبہ کی ایک کثیر تعداد موجود تھی۔